عقائد و کمالات علمائے دیوبند

افادات

حضرت العلام مولانا اللہ یار خان رحمۃ اللہ علیہ

ناشر
ادارہ نقشبندیہ اویسیہ دارالعرفان منارہ ضلع چکوال

فہرست

عقیدہ توحید باری تعالیٰ

توحید تین قسم کی ہے۔توحید ربوبیت ،توحید الوہیت اورتوحید صفات،

توحید ربوبیت: یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ کے بغیر کوئی خالق نہیں ،رازق نہیں زندہ کرنے والانہیں ،مارنے والانہیں ،کوئی موجد نہیں ،کوئی معدوم کرنے والانہیں۔

توحید الوہیت: یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی معبود نہیں کوئی لائق عبادت نہیں کسی کے سامنے سجدہ جائز نہیں خواہ تعظیمی ہو جو ہماری شریعت میں حرام ہے خواہ سجدہ عبادت ہو جو شرک ہے۔

توحید صفات: یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ان ہی صفات سے موصوف سمجھا جائے جن سے خود اس نے اپنا موصوف ہونا بیان فرمایا ہے۔

بندوں کے تمام افعال خیروشر، قضاء قدر علم باری سے صادر ہوتے ہیں مگر بندوں کے کسب سے ہوتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ نے بندوں کو مجبور محض نہیں بنایا بلکہ ان کو ارادہ اور اختیار کی آزادی دی ہے۔اس آزاد ارادہ اور اختیار کو بغیر کسی جبر کے استعمال کرنے کا نام ہی کسب ہے۔اور یہ بندے کا فعل ہے۔

اللہ خالق کل شیئی درست ہے مگر اللہ تعالیٰ برائی ،کفر وشرک کا امر نہیں کرتا حکم نہیں دیتا ان اللہ لا یاء مر بالفحشاء

نہ بے حیائی اور کفر و شرک کو درست رکھتا ہے نہ کفر کو پسند کرتا ہے۔

ولا یرضی العبادہ الکفر